سوال

کیا یہ صحیح ہے کہ جب بھی کسی غیر محرم عورت کو ہاتھ لگاؤں تو مجھے نیا وضوء کرنا ہوگا ؟

جواب

ہمہ قسم کی حمد اللہ تعالی کےلیے ، اور درود و سلام ہوں اللہ کے رسول پر ، بعد ازاں :

اللہ تعالی اور یوم آخرت پر ایمان رکھنے والے مرد کےلیے کسی بھی غیر محرم اور اجنبی عورت کو چھونا حلال نہیں ، اس میں علماء کرام کے اقوال اور دلائل کی تفصیل دیکھنے کےلیے آپ سوال نمبر (21183) کے جواب کا مطالعہ کریں

عورت کو ہاتھ لگانے سے وضوء ٹوٹنے میں علماء کرام کا اختلاف ہے ، لیکن صحیح یہی ہے کہ اس سے وضوء نہیں ٹوٹتا ، اس کی تفصیل آپ سوال نمبر (2178) کے جواب میں دیکھ سکتے ہیں

اور اس میں یہ کوئی فرق نہیں کہ عورت اس کی محرم ہو یا اجنبی یا اس کی بیوی ہو

واللہ اعلم .

الاسلام سوال وجواب

22757